**23.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

………………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے پرائیویٹ سیکٹر اور اسٹارٹ اَپ اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایک سال میں 50 راکٹ لانچ کرنے کے نظریے کے ساتھ قدم بڑھائیں۔ خلاء کے قومی دن کے موقع پر وزیر اعظم نے اِس نشانے کو حاصل کرنے کی خاطر نئے سلسلے کی اصلاحات نافذ کرنے پر زور دیا۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بھارت اپنی قوت اور طاقت کے ساتھ دنیا کیلئے امید کی ایک کرن کے طور پر کھڑا ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت میں بنائی گئی پہلی Chip اِس سال کے آخر تک مارکیٹ میں آجائے گی۔

☆ بھارت کا ڈاک محکمہ، امریکہ کے محصولات کے ضابطوں میں تبدیلی کے تناظر میں امریکہ کیلئے اپنی خدمات اِس مہینے کی 25 تاریخ سے عارضی طور پر روک دے گا۔

☆ اتراکھنڈ میں قدرتی آفت سے متاثرہ چمولی ضلع میں راحت اور بچاؤ کارروائی زور وشور سے جاری ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے کَل مشرقی راجستھان میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹیول سری نگر میں اختتام پذیر ہوگیا ہے۔ مدھیہ پردیش سونے کے 10 تمغوں سمیت 18 تمغے جیت کر سرفہرست رہا۔

☆ اور فٹبال میں کولکاتہ میں نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ FC نے ڈائمنڈ ہاربر FC کو ہرا کر پھر سے ڈیورنڈ کپ کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

………………………………

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Space Day**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے پرائیویٹ سیکٹر اور اسٹارٹ اَپ اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایک سال میں 50 راکٹ لانچ کرنے کے نظریے کے ساتھ قدم بڑھائیں۔ خلاء کے قومی دن کے موقع پر وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ اِس نظریے کے حصول کیلئے درکار نئے سلسلے کی اصلاحات نافذ کرنے کیلئے سرکار کے پاس قوتِ ارادی بھی ہے اور نیت بھی۔اس موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں جناب مودی نے خلائی برادری کو یقین دلایا کہ سرکار

ہر قدم پر مضبوطی سے اُن کے ساتھ کھڑی ہے۔

S/B PM - Space Community

وزیرِ اعظم نے کہا کہ خلاء کے شعبے میں بھارت کی پیشرفت سے عام شہریوں کی زندگی میں آسانی پیدا ہورہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت، خلائی ٹیکنالوجی کو صرف سائنسی دریافت کے وسیلے کے طور پر نہیں بلکہ رہن سہن میں سہولت بڑھانے کے وسیلے کے طور پر بھی دیکھتا ہے۔

S/B 2100 PM Space Tech

وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت سیمی کرائیوجینک انجن اور الیکٹرک Propulsion جیسی نئی ٹیکنالوجیوں کے شعبے میں تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور جلد ہی گگن یان مشن کا آغاز کرے گا۔

SB - 1400 - PM Semi Cryo Engine

جناب مودی نے فصل بیمہ اسکیموں میں سیٹلائٹ پر مبنی جائزے، سیٹلائٹ کے ذریعے معلومات اور ماہی گیروں کیلئے حفاظت، قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق اپلی کیشنز اور پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان میں جغرافیائی اور خلائی ڈاٹا کے استعمال جیسی مثالوں کا حوالہ دیا۔

اِدھر خلاء کے محکمے کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ خلاء کے شعبے کو پرائیویٹ سیکٹر کیلئے کھولنا گذشتہ 11 سال میں کی گئی سب سے بڑی اصلاحات میں شامل ہے کیونکہ اِس سے اختراع اور کاروبار کی ایک نئی لہر کا آغاز ہوا ہے۔آج نئی دلّی میں خلاء کے قومی دن سے متعلق ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران بھی دنیا نے بھارت کی خلائی اور تکنیکی صلاحیت کا مشاہدہ کیا۔

S/B 2100 Dr Jitendra Singh Space Day

اِس تقریب کے دوران ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اُن طلبا کو ایوارڈس پیش کئے جنھوں نے بھارتیہ انترکش Hackathon اور ISRO Robotics چیلنج 2025 جیتا ہے۔ 2023میں آج کے ہی دن دو سال پہلے بھارت چاند کے قطبِ جنوبی پر پہنچنے والا پہلا ملک بن گیا تھا اور اُس نے تاریخ رقم کی تھی۔ بھارت خلاء میں سیٹلائٹس کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے اور علیحدہ کرنے کی صلاحیت رکھنے والا دنیا کا چوتھا ملک بھی بن گیا ہے۔ادھر گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا نے نئی دلّی میں نہرو Planetarium میں آریہ بھٹ گیلری کا افتتاح کیا۔ بھارت کے گگن یان مشن کی تیاری کرنے والے خلا باز بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا نے کہا کہ بھارت، گگن یان مشن، بھارتیہ انترکش اسٹیشن اور پھر چاند پر قدم رکھنے کی بڑی امنگوں کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

S/B 2100 Shubhanshu Shukla

## PM Economics

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کی سب سے تیز رفتار بڑی معیشت ہے اور عالمی سطح پر جلد ہی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔ آج شام نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ میڈیا ہاؤس کے زیر اہتمام فورم میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اپنی قوت اور طاقت کے

ساتھ دنیا کیلئے ایک امید کی کرن کے طور پر کھڑا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر سے وابستہ فیکٹریاں ملک میں کام کرنے لگی ہیں اور اِس سال کے آخر تک بھارت میں بنائی گئی پہلی Chip مارکیٹ میں آجائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ Made in India 6G پر کام چل رہا ہے۔

جناب مودی نے گذشتہ 10سال میں ہونے والی ترقی اور مضبوطی کو میکرو اقتصادی استحکام سے منسوب کیا۔ انھوں نے کہا کہ افراطِ زر کی شرح نیچے آگئی ہے، سود کی شرح کم ہے اور غیرملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر بھی مضبوط ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ ماہرین نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ عالمی سطح پر ترقی میں بھارت کا حصہ بہت جلد 20فیصد کے آس پاس پہنچ جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہر مہینے لاکھوں اندرونِ ملک سرمایہ کار SIP کے ذریعے مارکیٹ میں کروڑوں روپے کی سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گذشتہ 11سال میں60سے زیادہ خلائی مشن مکمل ہوئے ہیں اور کئی اور آنے والے ہیں۔

### Chouhan Space Day

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO نے ایک Geo-Portal تیار کیا ہے، جو خشک سالی، بارش، موسم اور دیگر امور پر صحیح جانکاری فراہم کرے گا اور اِس سے کسانوں کو اور زیادہ موثر انداز سے اپنی فصلوں کی بوائی میں مدد ملے گی۔ وہ آج نئی دلّی میں خلاء کے قومی دن کی تقریبات کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب چوہان نے کسانوں کی مدد کرنے میں بھارتی خلائی سائنسدانوں کے اہم رول کیلئے اُن کی ستائش کی۔

S/B 2100 Shivraj Singh Chouhan Space Day

### Postal Department US

مواصلات کی وزارت کے تحت محکمۂ ڈاک نے 25اگست سے امریکہ کو ڈاک کے ذریعے بھیجے جانے والے سبھی سامان کو عارضی طور پر معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ، امریکی حکومت کی جانب سے اُس ایگزیکٹیو آرڈر کے پیشِ نظر کیا گیا ہے، جس کے تحت اِس ماہ کی 29تاریخ سے 800ڈالر تک کی قدر والے سامان کو بغیر محصول کی فہرست سے ہٹا لیا جائے گا۔ مواصلات کی وزارت نے ایک ریلیز میں کہا ہے کہ امریکہ کیلئے سبھی بین الاقوامی ڈاک سامان پر اُن کی قدر کے قطع نظر ملک کے مخصوص بین الاقوامی ہنگامی اقتصادی اختیار سے متعلق ایکٹ کے محصول کے طریقۂ کار کے تحت کسٹمز ڈیوٹی لگے گی۔ تاہم 100ڈالر تک گفٹ آئٹم بدستور محصول سے مستثنیٰ رہیں گے۔

### Jaishankar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے تجارتی اداروں کے درمیان مذاکرات اب بھی جاری ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سرکار نے ملک کے کسانوں اور چھوٹے کاشتکاروں کے مفادات کا تحفظ کرنے کا تہیہ کر رکھاہے۔ ڈاکٹر ایس جئے شنکر آج نئی دلّی میں ET ورلڈ لیڈرس فورم سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے

کہا کہ بھارت نے امریکہ کے ساتھ مذاکرات میں اپنی حدود کے بارے میں واضح موقف اختیار کر رکھا ہے اور وہ کوئی بھی فیصلہ اپنے قومی مفادات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کرے گا۔

S/B 1400 Jaishankar India Position

تیل کی درآمدات اور پابندیوں کے بارے میں وزیر خارجہ نے کہا کہ اِسے تیل کے ایک مسئلے کے طور پر پیش کیا گیا لیکن اِس کا اطلاق اب بھی سب سے زیادہ تیل درآمد کرنے والے ملک چین پر نہیں ہوا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کو نشانہ بنانے کیلئے جن دلائل کا استعمال کیا گیا، اُنھیں چین پر لاگو نہیں کیا گیا ہے۔ انھوں نے بھارت کی کلیدی خود مختاری پر یہ کہتے ہوئے زور دیا کہ فیصلے قومی مفادات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کئے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ سرکار خود کفالت یا آتم نربھرتا پر خاص زور دے رہی ہے۔ بھارت–پاکستان تعلقات کے بارے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ 1970 کی دہائی سے ثالثی کے معاملے پر اب اِس بات کو 50سال سے زیادہ ہوگئے ہیں کہ ملک میں اِس بارے میں قومی اتفاق رائے موجود ہے کہ بھارت، پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات میں ثالثی کو قبول نہیں کرتا۔x

## Uttarakhand Tharali Disaster

اتراکھنڈ میں چمولی ضلعے کے قدرتی آفت سے متاثرہ Tharali میں راحت اور بچاؤ کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ ضلع انتظامیہ، مقامی پولیس، NDRF،SDRF ، فوج، SSB اور بھارت - تبت سرحدی پولیس کی مختلف ٹیمیں راحت اور بچاؤ کام میں لگی ہوئی ہیں۔ اِس واقعے میں ایک خاتون کی لاش برآمد کی گئی ہے، جبکہ Chepdo بازار میں ایک لاپتہ شخص کی تلاش جاری ہے۔ 150سے زیادہ متاثرہ لوگوں کو تحصیل کے احاطے میں ٹھہرایا گیا ہے، جہاں اُن کیلئے بنیادی سامان کے ساتھ ساتھ خوراک، پانی اور طبی سہولیات کا بندوبست کیا گیا ہے۔

قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے اور بازآبادکاری محکمے کے سکریٹری وِنود کمار سُمن نے بتایا کہ متاثرہ علاقے میں صورتحال میں استحکام ہے اور راحت اور بچاؤ ٹیمیں تیزی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔

SB - Vinod Kumar Suman

## NHAI Penalty

شاہراہوں کی بھارتی قومی اتھارٹی NHAI نے فوجی اہلکاروں سے ناشائستہ طرزِ عمل کیلئے ٹول جمع کرنے والی ایجنسی پر 20لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ اُس نے کنٹریکٹ کو بھی ختم کر دیا ہے اور ایک سال کیلئے نیلامی میں حصہ لینے کی خاطر ٹول جمع کرنے والی ایجنسی پر پابندی لگا دی ہے۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ 3 کروڑ 66لاکھ روپے کی ایجنسی کی پرفارمینس سیکیورٹی کا استعمال، میرٹھ–کرنال سیکشن پر Bhuni Toll Palaza پر نقصان زدہ ساز و سامان اور بنیادی ڈھانچے کی مرمت یا اسے بدلنے کیلئے کیا جائے گا۔ x

## IMD Weather

قومی راجدھانی دلّی میں آج شام تیز بارش ہوئی۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق اگلے دو دن کے دوران دلّی میں کئی مقامات پر ایک دو بار ہلکی سے لے کر اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ کہیں کہیں تیز بارش بھی ہوسکتی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق کل مشرقی راجستھان میں انتہائی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ اگلے پانچ دن کے دوران ملک کے مشرقی اور وسطی حصوں میں کہیں کہیں ہلکی سے لے کر اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِس کے علاوہ مشرقی مدھیہ پردیش، گجرات، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اتراکھنڈ اور مغربی راجستھان میں بھی کل شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Rev. Khelo India Water Sports Festival

جموں و کشمیر میں تاریخی ڈل جھیل میں تین روزہ کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول آج شام اختتام پذیر ہوگیا۔ مدھیہ پردیش 18 تمغے جیت کر سرفہرست رہا، جن میں سونے کے 10، چاندی کے 3اور کانسے کے 5 تمغے شامل ہیں۔ مدھیہ پردیش نے کل Kayaking اور canoeing میں سبھی چار سونے کے تمغے جیتے تھے اور آج کھیلوں کے آخری دن سونے کے مزید 6 تمغے حاصل کیے۔ 6ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 500سے زیادہ ایتھلیٹس نے کِشتی رانی، canoeing اور Kayaking کے مقابلوں میں حصہ لیا۔ اِس فیسٹول میں water skiing، dragon boat اور شکارا ریس کا بھی اہتمام کیا گیا۔ بھارتی اسپورٹس اتھارٹی اور جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کی جانب سے اِن کھیلوں کا مشترکہ طور پر اہتمام کیا گیا تھا، جس کا مقصد جموں و کشمیر کی ثقافت اور ماحولیات کا جشن منانا تھا۔ x

## Durand Cup

فٹبال میں نارتھ ایسٹ یونائٹیڈ FC نے ایک مرتبہ پھر Durand کپ ٹرافی جیت لی ہے۔ آج کولکاتہ کے یوا بھارتی Krirangan میں کھیلے گئے فائنل میں دفاعی چمپئن نے چھ–ای سے شاندار جیت حاصل کی۔ Parthib گگوئی اور Asheer اختر کے گول کی بدولت ہاف ٹائم تک دفاعی چمپئن نے دو–صفر سے سبقت حاصل کرلی تھی۔ فاتح ٹیم کیلئے Alaaeddine Ajaraie، Andy، Thoi Singh اور Jairo Samperio نے گول کیے۔

☆☆☆☆☆☆